پریس ریلیز

گوجرانوالہ 03 جون 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب، سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل اور نائب صدر عادل ندیم نے مشترکہ بیان میں (اوگرا) کیطرف سے گیس کمپنیوں کی آمدن بڑھانے کے لیے جو پچاس فیصد تک اضافے کی منظوری دی ہے اس کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اوگرا اپنے فیصلے کو فوری واپس لے جبکہ حکومت بزنس کمیونٹی کے مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کی ہرگز منظوری نہ دے۔ اوگرا کے اس فیصلے سے گیس سے چلنے والی انڈسٹریاں جو کہ پہلے ہی مختلف مسائل سے دوچار ہیں شدید متاثر ہوں گی۔ ان انڈسٹریوں میں سرامکس، ٹیکسٹائل ڈائنگ، فرنسز، ٹائلز اور دیگر انڈسٹریز شامل ہیں۔ اوگروا کی موجودہ قیمتوں میں اضافہ سے پیداواری لاگت میں اضافہ ہو جائے گا جبکہ لوگوں کی قوت خرید بالکل دم توڑ جائے گی۔ راء میٹریل کی امپورٹ بند ہونے سے بے شمار صنعتیں بند ہو چکی ہیں مزدور طبقہ بے روزگاری کا شکار ہے اور ان کے لواحقین فاقہ کشی پر مجبور چکے ہیں۔

انہوں نے حکومت وقت سے پرزور مطالبہ کیا کہ مشکل ترین کاروباری حالات کے پیش نظر فوری طور پر انڈسٹری کو سستی گیس کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ تاکہ صنعتوں کے پیدواری عمل میں آسانی میسر آ سکے اور وہ ملکی معیشت کی ترقی میں اپنا کلیدی کردار ادا کر سکیں انہوں نے مزید کہا کہ قدرتی ذخائر کو استعمال میں لانے کیلئے سرکاری سطح پر ٹھوس حکمت عملی کا فقدان ہے لہٰذا ایسے مثبت اقدامات اٹھائیں جائیں جن سے بزنس کمیونٹی با آسانی قدرتی ذخائر سے بھرپور استفادہ حاصل کر سکے۔ جبکہ اوگرا کی طرف سے گیس کی قیمتوں میں اضافہ کی منظوری کو فی الفور واپس کروایا جائے۔